بلوچستان　　صوبائی　　اسمبلی　　سیکرٹریٹ۔

بروز جمعرات مورخہ یکم اگست 2024ء بوقت سہ پہر 3:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

ترتیب کارروائی۔

1) **تلاوت قرآن پاک وترجمہ**

2) **وقفہ سوالات**

علیحدہ فہرست میں مندرج محکمہ لائیوسٹاک سے متعلق سوالات دریافت اوران کے جوابات دیئے جائیں گے۔

3) **غیر سرکاری قراردادیں**

i) **مشترکہ مذمتی قرارداد:۔منجانب:۔میر یونس عزیز زہری، قائد حزب اختلاف، جناب اصغر علی ترین، میر زابد علی ریکی جناب فضل قادر مندوخیل، ڈاکٹر محمد نواز کبزئی، سید ظفر علی آغا، جناب روی پہوجہ، محترمہ شاہدہ روف اور محترمہ صفیہ اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ یہ ایوان مورخہ 31 جولائی 2024ء کو فلسطین کی تحریک آزادی کے عظیم لیڈر اور حماس کے سربراہ اسماعیل ھنیہ جن کو ایران کے شہر تہران میں ایک قاتلانہ حملے میں شہید کیا گیا کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ان کی شہادت سے امت مسلمہ خاص کر فلسطین ایک عظیم انقلابی رہنما اور مجاہد سے محروم ہو گئے ہیں۔انہوں نے ساری زندگی مظلوم فلسطینی عوام کے حقوق اور ان کی آزادی کے لئے نمایاں کردار اور قضیہ فلسطین کو عالمی سطح پر اجاگر کیا اور اسرائیل کے غاصبانہ کردار کو دنیا کے سامنے رکھا۔

لہذا یہ ایوان ان کی فلسطینی عوام کے لئے بےلوث خدمات پر انہیں خراج عقیدت اور ان کے لواحقین اور فلسطینی عوام سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔اللہ پاک ان کی شہادت قبول فرمائے۔آمین

(جاری صفحہ۔۔ 2)

ii) **مشترکہ مذمتی قرارداد:۔ منجانب محترمہ غزالہ گولہ بیگم، ڈپٹی اسپیکر، محترمہ راحیلہ حمید خان درانی، صوبائی وزیر، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی مشیر وزیراعلیٰ، محترمہ مینا مجید، محترمہ ہادیہ نواز پارلیمانی سیکرٹریز، محترمہ فرح عظیم شاہ، محترمہ شاہدہ روف، اور محترمہ شہناز عمرانی اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ گزشتہ دنوں جرمنی کے شہر فرینکفرٹ میں چند شرپسندوں کی جانب سے ایک منصوبے کے تحت پاکستان کے قونصل خانے پر پتھراو توڑ پھوڑ اور پاکستان کے سبز ہلالی پرچم کی بے حرمتی کی گئی۔ جبکہ جھنڈا کسی بھی ملک کی پہچان اور شناخت ہے۔ جس کا احترام دنیا کے ہر فرد پر لازم ہے۔ اس مکروہ عمل سے دنیا بھر میں رہنے والے پاکستانیوں کی دل آزاری ہوئی ہے۔

لہذا یہ ایوان اس افسوسناک واقعہ کی نہ صرف شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ بلکہ وفاقی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ وہ جرمن حکومت سے فوری طور پر رابطہ کرے۔ کہ وہ ویانا کنونشن کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے اس واقعے میں ملوث انتہاپسند عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے انہیں قرارواقعی سزا دی جائے۔ تاکہ آئندہ اس قسم کے واقعات رونما نہ ہوں۔

iii) **قرارداد نمبر 20 منجانب:۔ میر زابد علی ریکی، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی۔**

ہرگاہ کہ بلوچستان میں زیرزمین پانی کی سطح ہرگزرتے دن کے ساتھ نیچے گرنے سے صوبہ کے تقریباً تمام اضلاع میں پانی کی قلت محسوس ہورہی ہے اور ایک رپورٹ کے مطابق گزشتہ دو دہائیوں میں بلوچستان کی زیادہ تر سرسبز وشاداب چراگاہیں پانی کی کمی کے باعث صحراؤں میں تبدیلی ہوچکی ہیں۔ واضح رہے کہ صوبہ کے اکثر اضلاع خاص کر ضلع واشک میں پانی کو ذخیرہ کرنے کے لئے مطلوبہ تعداد میں ڈیمز نہ ہونے کی وجہ سے پانی ضائع ہورہا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ علاقے کے زمینداروں کی مشکلات کو مدنظر رکھ کر ضلع واشک کے لئے (تنگ ذوراتی ڈیم) کو تعمیر کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھائے۔ تاکہ ضلع واشک کی زراعت کو مزید فروغ دیا جاسکے۔

(جاری صفحہ۔۔3)

Scanned with CamScanner

iv) قرارداد نمبر 21 منجانب:۔ جناب رحمت صالح بلوچ، رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی

ہرگاہ کہ ٹراما سینٹر کوئٹہ جو کہ سول ہسپتال (سنڈیمن صوبائی ہسپتال) کے اندر واقع ہے۔ جہاں پر صوبہ بھر کے مریضوں کو فوری طبی امداد فراہم کی جاتی ہے۔ چونکہ ٹراما سینٹر کوئٹہ شہر کے وسط میں واقع ہے۔ اور کوئٹہ شہر میں ہمہ وقت رش ہونے کی وجہ سے صوبے کے دور دراز علاقوں سے روڈ ایکسیڈنٹ اور دیگر حادثات کی بنا زخمیوں اور دیگر سیریس مریضوں کو ٹراما سینٹر کوئٹہ لانے میں عوام کو سخت مشکلات درپیش ہوتی ہیں۔

لہذا صوبے کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ فوری طور پر ٹراما سینٹر کو کوئٹہ شہر سے باہر منتقل کرنے اور اسے وسعت دیتے ہوئے 200 بیڈڈ صوبائی ٹراما سینٹر کے قیام کی بابت عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے۔

کوئٹہ
مورخہ یکم اگست 2024ء

طاہر شاہ کاکڑ
سیکرٹری

Scanned with CamScanner